© rasailojaraid.com



# تعارف و تبصرہ کتب

(ادارہ)

**مولانا آزاد اور ان کے ناقد** | مرتب جناب ایم اے شاہد   ناشر موڈرن پبلشرز، گول ایمپریس مارکیٹ صدر کراچی۔ کتابت و طباعت دیدہ زیب۔ صفحات ۱۶۰ قیمت ۲۰ روپے

امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد رحمۃ اللہ علیہ کی شخصیت محتاج تعارف نہیں۔ لیکن عربی کا ایک مشہور مقولہ ہے۔ لا یُرمیٰ بالحجر الا ذو ثمر۔ مولانا آزاد کے ساتھ بھی کچھ اسی قسم کا واسطہ پیش آیا۔ ایک وقت تھا جب کہ مولانا آزاد کے خلاف بعض جرائد و اخبارات نے الزامات و اتہامات کا ایک طوفان بدتمیزی کھڑا کیا تھا۔ اب اگرچہ وہ فتنہ تو ختم ہو چکا ہے۔ لیکن پھر بھی گاہ بگاہ اس کی صدائے بازگشت سنائی دیتی ہے۔

فاضل مرتب نے مولانا آزاد کے معاصرین اور ان کے دفاع میں اخبارات و رسائل کے مضامین مرتب کئے ہیں جن میں مولانا آزاد کی شخصیت کا مختلف پہلوؤں سے جائزہ لیا گیا ہے۔ اور ان کے خلاف مخالفین کے طعن و تشنیع کے مسکت جواب دئے گئے ہیں۔

مولانا آزاد کی ہمہ گیر شخصیت سے دلچسپی رکھنے والوں کے لئے اس کتاب میں بہت کچھ موجود ہے۔ مولانا ابوالحسن علی ندوی میاں کے چند گراں قدر مضامین بھی شامل ہیں۔ ان کی مخصوص طرز نے کتاب کی افادیت میں گراں قدر اضافہ کیا ہے۔ اس کاوش پر فاضل مرتب مبارک باد کے مستحق ہیں۔ قیمت باعتبار صفحات اگر کم مقرر کی جاتی تو مناسب ہوتا۔

**دورِ جدید کے عالمگیر فتنے** | مرتب۔ منشی عبدالرحمان خان۔   ناشر۔ جاوید اکیڈمی ملتان
کتابت و طباعت حسین اور دیدہ زیب   قیمت -/۲۰ روپے

فاضل مرتب نے دورِ جدید کے مشہور عالمگیر دینی فتنوں مثلاً یہودی۔ سبائی   پرویزی۔ نظریاتی۔ اجتماعی۔ تہذیبی۔ جنسی۔ جمہوری۔ اشتراکی۔ قادیانی۔ ثقافتی۔ علاقائی۔ لسانی فتنوں پر نہایت موثر انداز میں قلم اٹھایا ہے۔ اور بیسیوں ماخذ کو کھنگالا ہے۔ ابتدا میں دس صفحات پر مشتمل تمہید بعنوان ارتدادی مہم بھی ایک گراں قدر کاوش ہے۔

جدید ثقافت اور الحاد و اباحیت سے متاثر نوجوانوں کے لئے اس کا مطالعہ خاص طور سے مفید ہے۔

© rasailojaraid.com